SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XIV مجریہ 2011

SINDH ORDINANCE NO.XIV OF 2011

سندھ خدمات پر سیلز ٹیکس (ترمیم) آرڈیننس، 2011

THE SINDH SALES TAX ON SERVICES (AMENDMENT) ORDINANCE, 2011.

(CONTENTS) فہرست

فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات۔

Short Title and commencement

2. 2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 4 کی ترمیم۔

Amendment of section 4 of Sindh Act No.XII of 2011

3. 2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 11 کی ترمیم ۔

Amendment of section 11 of Sindh Act No.XII of 2011

4. 2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 43 کی ترمیم

Amendment of section 43 of Sindh Act No.XII of 2011

5. 2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 45 کی ترمیم ۔

Amendment of section 45 of Sindh Act No.XII of 2011

6. 2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 47 کی ترمیم

Amendment of section 47 of Sindh Act No.XII of 2011

7. 2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 57 کی ترمیم

Amendment of section 57 of Sindh Act No.XII of 2011

8. 2011 کے ایکٹ نمبر XII کے پہلے شیڈول کی ترمیم

Amendment of First Schedule of Sindh Act No.XII of 2011

9. 2011 کے ایکٹ نمبر XII کے دوسرے شیڈول کی ترمیم

Amendment of Second Schedule of Sindh Act No.XII of 2011

سندھ آرڈیننس نمبر XIV مجریہ 2011

SINDH ORDINANCE NO.XIV OF 2011

سندھ خدمات پر سیلز ٹیکس (ترمیم) آرڈیننس، 2011

THE SINDH SALES TAX ON SERVICES (AMENDMENT) ORDINANCE, 2011.

[نومبر 2011]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ خدمات پر سیلز ٹیکس ایکٹ 2011 میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ خدمات پر سیلز ٹیکس ایکٹ 2011 میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے،

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہو گیا ہے.

اب، اس لیئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے 1973 کے آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (ا) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

1.(1) اس آرڈیننس کو سندھ خدمات پر سیلز ٹیکس (ترمیم) آرڈیننس، 2011 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 4 کی ترمیم۔

Amendment of section 4 of Sindh Act No.XII of 2011

ایکٹ 2011 کے نمبر XII کی دفعہ 11 کی ترمیم۔

Amendment of section 11 of Sindh Act No.XII of 2011

.2 سندھ خدمات پر سیلز ٹیکس ایکٹ، 2021 کو اسکے بعد بھی مذکورہ ایکٹ، کی دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (3) میں:

(i) شق (a) میں، سیمی کولن کے بعد لفظ "یا" شامل کیا جائے گا،

(ii) شق (b) میں، آخر میں آنیوالے سیمی کولن کے لیئے، ایک فل اسٹاپ کو متبادل بنایا جائے گا، اور

(iii) شق (c) اور (d) کو ختم کیا جائے گا۔

ایکٹ 2011 کے نمبر XII کی دفعہ 43 کی ترمیم

Amendment of section 43 of Sindh Act No.XII of

.3 مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 11 میں، الفاظ "یا کسی بھی قابل ٹیکس خدمت پر لگانے لائق ٹیکس بڑھانے یا گھٹانے" کو ختم کیا جائے گا۔

2011

2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 45 کی ترمیم۔

Amendment of section 45 of Sindh Act No.XII of 2011

4. مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 43 میں، ٹیبل میں، جریان نمبر 6 میں کالم (1) میں، آئٹم "c" کے آخر میں آنیوالے فل اسٹاپ کو سیمی کولن سے تبدیل کیا جائے گا "یا" اور مندرجہ ذیل کو بڑھایا جائے گا۔

(d) ٹیکس کی حقیقی رقم ادا کرنا، بازیاب کرانا یا جمع کرانے میں ناکام ہوتا ہے، یا نا قابل لائق ٹیکس کریڈٹ یا ایڈجسٹمنٹ یا کٹوتی یا واپسی کی دعویٰ کرتا ہے،

2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 47 کی ترمیم

Amendment of section 47 of Sindh Act No.XII of 2011

5. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 45 میں۔ اعداد و شمار اور الفاظ "34 اور 35" کے لیئے عدد اور لفظ "43 اور 44" کو متبادل بنایا جائے گا۔

2011 کے ایکٹ نمبر XII کی دفعہ 57 کی ترمیم Amendment of section 57 of Sindh Act No.XII of 2011	.6 مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 47 میں: (i) ذیلی دفعہ (1) کے بعد درج ذیل کو شامل کیا جائے گا: (1A) جہاں کسی ٹکراؤ، تضاد، دانستہ کوشش، غلط بیانی، فراڈ، بخشش یا جھوٹی یا جعلی دستاویز کے ذریعے: (a) کوئی ٹیکس یا چارج ادا نہیں کیا گیا یا کم ادا کیا گیا، تخمینہ لگا کر یا جمع کیا گیا ہے، تو اسے قابل ادائیگی ٹیکس پر ایسے شخص کو ایسے ٹیکس کے پانچ سال کے دوران ٹیکس جمع نہ کرانے کا سبب بیان کرنے کے لیئے نوٹس بھیجا جائے گا، (b) ٹیکس کی کوئی بھی رقم واپس کی جاتی ہے جو واجب نہیں ہے، ایسی واپسی حاصل کرنے والے شخص کو ایسی واپسی کی رسید کے پانچ سال کے دوران ایسی واپسی کا سبب بیان کرنے کے لیئے نوٹس دیا جائے گا، (ii) ذیلی دفعہ (2) میں بریکٹ اور فگر (1) کے بعد لفظ، بریکٹ اور فگر (1A) شامل کیئے جائیں گے۔
2011 کے ایکٹ نمبر XII کے پہلے شیڈول کی ترمیم Amendment of First Schedule of Sindh Act No.XII of 2011	.7 مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 57 کی ذیلی دفعہ (1) میں اعداد، کاماؤں اور لفظ "13، 18، 19 یا 38" کے لیئے عدد، کاماؤں اور لفظ "22، 23، 24B، 43، 44، 47، 68 یا 76" متبادل بنائے جائیں گے۔

ایکٹ 2011کے نمبر XII کے دوسرے شیڈول کی ترمیم

Amendment of Second Schedule of Sindh Act No.XII of 2011

8. مذکورہ ایکٹ کے پہلے شیڈول میں:

(i) کالم (1) کے عنوان میں، لفظ "عدد" کے لیئے الفاظ "ٹیرف ہیڈنگ" کو متبادل بنایا جائے گا۔

(ii) کالم (2) میں ٹیرف ہیڈنگ کے خلاف "9813. 3900" لفظ "مشاریکہ" کے لیئے لفظ، مودربہ رکھا جائے گا۔

(iii) ٹیرف ہیڈنگ کے بعد 9813.4910 اور کالمز (2) اور (3) کے خلاف وہاں مندرجہ ذیل اندراجات کو شامل کیا جائے گا "9813.4990 دوسری جگہ بیان نہ کی گئی ہو"

(iv) کالم (2) میں ٹیرف ہیڈنگ "9813.8100" کے سامنے لفظ "دوسرا" کے لیئے لفظ اور کاماؤں دوسری بشمول فراہم کی گئی خدمات کے یانان بینکنگ فنانس کمپنیز کی طرف سے دیئے گئے، مودربہ اور مشاریکہ کمپنیز اور دوسرے مالی اداروں کی طرف سے متبادل بنائے جائیں گے، اور

(v) کالم (2) میں ٹیرف ہیڈنگ "9819.9090" کے خلاف لفظ دوسرے کے لیئے لفظ اور کاماؤں دوسری بشمول پورٹ آپریٹرز، ائیرپورٹ آپریٹرز ، ائیرپورٹ گراؤنڈ سروس پرووائیڈرز اور ٹرمینل آپریٹرز کی طرف سے فراہم کردہ خدمات کو متبادل بنایا جائے گا۔

9. مذکورہ ایکٹ کے دوسرے شیڈول میں:

(a) الفاظ حصہ A کے بعد مندرجہ ذیل کا اضافہ کیا جائے گا:

"ٹیرف ہیڈنگ	تفصیل	ٹیکس کے ریٹ
(1)	(2)	(3)"

(b) الفاظ "حصہ B" کے بعد موجود کالم عنوانوں کے لیئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

"ٹیرف ہیڈنگ	تفصیل	ٹیکس کے ریٹ
(1)	(2)	(3) "

(c) حصّہ B میں:

(i) ٹیرف ہیڈنگ "9813.1600" اور کالمز (2) اور (3) کے خلاف مندرجہ ذیل اندارجات کو متبادل بنایا جائے گا۔

"9813.160"	دوسری انشورنس بشمول ری انشورس	16 فیصد
"9813.300"	لیزنگ کے سلسلے میں فراہم کردہ یا پیش کردہ خدمات	16 فیصد
"9813.3020"	کموڈٹی یا سامان کی لیزنگ	16 فیصد
"9813.3030"	ہائر پرچیز نگ لیزنگ	16 فیصد
"9813.3900"	مودربہ اور مشاریکہ فنانسنگ کے سلسلے میں فراہم کی گئی اور پیش کی گئی خدمات.	16 فیصد

(ii) ٹیرف ہیڈنگ کے بعد "9813.4910" اور کالمز (2) اور (3) کے خلاف وہاں ذیل اندراجات کا اضافہ کیا جائے گا۔

"9813.4990"	دوسری خدمات جو کسی دوسری جگہ بیان نہ کی گئی ہوں۔	16 فیصد

(iii) ٹیرف ہیڈنگ "9813.8100" میں کالم (2) میں لفظ "دوسرا" کے لیئے لفظ اور کاماؤں دوسرے بشمول نان بینکنگ فنانس کمپنیز، مودربہ اور مشاریکہ کمپنیز اور دوسرے مالیاتی اداروں کی طرف سے فراہم کی گئی یا پیش کی گئی خدمات کو متبادل بنایا جائے گا۔

(iv) ٹیرف ہیڈنگ "9813.9000" کے بعد مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا:

"9814.2000"	بلڈنگ کا کنٹریکٹر (بشمول واٹر سپلائی، گیس سپلائی اور سینٹری ورکس) الیکٹریکل اور مکینکل ورکس (بشمول ائیر کنڈیشننگ)، ملٹی ڈسپلینری ورکس (بشمول ٹرن کی پروجیکٹس) اور	16 فیصد

دوسرے قسم کے دوسرے کام۔

"9814.3000"	پراپرٹی ڈولپرز یا پروموٹرز	16 فیصد

(v) ٹیرف ہیڈنگ "9819.2000" کے بعد مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائے گا:

"9819.9090"	پورٹ آپریٹرز، ایئر پورٹ آپریٹرز، ایئر پورٹ گراؤنڈ سروس پرووائیڈرز اور ٹرمینل آپریٹرز فراہم کی گئی یا پیش کی گئی خدمات۔	16 فیصد

(vi) ٹیرف ہیڈنگ "9824.0000" اور کالمز (2) اور (3) میں اندراج کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہو گا:

"9824.0000"	تعمیراتی خدمات	16 فیصد
	مینجمنٹ خدمات بشمول فنڈ اور اثاثوں کی دیکھ بھال کی خدمات	16 فیصد
	ائیر پورٹ خدمات	16 فیصد
	ٹریکنگ خدمات	16 فیصد
	سیکورٹی الارم خدمات	16 فیصد
	موٹلز اور گیسٹ ہاؤسز کی طرف سے فراہم کردہ خدمات	16 فیصد